# WIC اندراج کنندہ افراد کے حقوق اور ذمہ داریاں

میں نے بطور WIC اندراج کنندہ، اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں معلومات موصول کر لی ہیں۔ مجھے سمجھ ہے کہ مجھے درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

- *WIC کا عملہ اور گروسری اسٹور کے ملازمین مجھ سے منصفانہ اور باعزت سلوک کریں گے۔*
- *میں نے جو معلومات WIC کے عملے کو دی ہیں، وہ نجی رہیں گی۔ یہ میری اجازت کے بغیر WIC پروگرام سے باہر کسی کو بھی جاری نہیں کی جائیں گی۔*
- *مجھے غذائیت کی تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال اور دیگر مددگار خدمات کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں گی۔*
- *نیویارک اسٹیٹ (NYS) میں موجود کسی بھی ایسے گروسری اسٹور یا فارمیسی کو استعمال کیا جا سکتا ہے، جسے WIC قبول کرنے کی اجازت ہے۔*
- *ایک ایسا فوڈ پیکج حاصل کروں، جو میری یا میرے بچے کی غذائی ضروریات کو پورا کرتا ہو۔*
- *کسی دوسری WIC مقامی ایجنسی میں منتقلی کا کہوں۔*
- *مجھے تحریری طور پر بتایا جائے کہ میرے WIC پروگرام کی مراعات کب اور کیوں ختم ہوں گی۔*
- *اگر میں اپنی اہلیت کے بارے میں فیصلوں سے متفق نہ ہوں، تو ایک منصفانہ سماعت کا کہوں۔*

میں نے جو معلومات WIC پروگرام کے لیے اپنی اہلیت کی جانچ کے سلسلے میں دی ہیں، وہ میری بہترین معلومات کے مطابق درست ہیں مجھے درج ذیل کی سمجھ بوجھ ہے:

- *نیو یارک اسٹیٹ WIC پروگرام میری WIC کی معلومات کو صحت اور تعلیم کے مخصوص پروگراموں کے ساتھ شیئر کرنے کی اجازت دے سکتا ہے، مثلاً Medicaid، سپلیمینٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP)، ٹیمپریری اسسٹنس ٹو نیڈی فیملیز (Temporary Assistance to Needy Families, TANF) اور چائلڈ کیئر اسسٹنس پروگرام (Child Care Assistance Program) کے ساتھ معلومات کا اشتراک کیا جا سکتا ہے۔ ایسی معلومات کو ایسی ریاستی اور مقامی WIC ایجنسیاں اور عوامی تنظیمیں صرف اپنے پروگراموں کے نظم و نسق کے لیے استعمال میں لائیں گی، جو WIC پروگرام کے اہل افراد کو خدمت فراہم کرتی ہیں۔ یہ پروگرام اس معلومات کو درج ذیل مقاصد کے لیے استعمال کر سکتے ہیں: اپنے پروگراموں کے لیے میری اہلیت کا تعین کرنے کے لیے؛ مجھے ان پروگراموں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے اور درخواست کے عمل کو آسان تر بنانے کے لیے؛ اگر میں پہلے ہی ان کے پروگراموں میں اندراج شدہ ہوں، تو میری صحت، تعلیم یا بہبود کو بہتر بنانے کے لیے؛ اور یہ یقینی بنانے کے لیے کہ میری صحت کی دیکھ بھال کی ضروریات پوری ہو گئی ہیں۔*
- *WIC پروگرام کا عملہ میری دی گئی معلومات کی جانچ کر سکتا ہے تاکہ یہ دیکھ سکیں کہ یہ درست ہیں۔ وہ میری آمدنی کے لیے میرے افسران و مالکان یا دیگر ذرائع سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ وہ نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ٹیکسیشن اینڈ فنانس (Department of Taxation and Finance) سے میرے ٹیکس ریکارڈز حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ فیصلہ کرتے وقت کہ آیا میں WIC سے مستفید ہو سکتا ہوں، وہ میری درخواست دینے کی تاریخ سے 12 ماہ سے زیادہ پہلے کی معلومات نہیں مانگیں گے۔ اگر وہ WIC کے اصولوں کی خلاف ورزی کی جانچ کر رہے ہوں، تو وہ کسی بھی ایسی مدت پر مشتمل معلومات کی درخواست کر سکتے ہیں جس کے دوران مجھے WIC کے فوائد حاصل ہوئے ہوں۔*
- *اگر میرا کہیں اور منتقل ہونے کا ارادہ ہو، میرا فون نمبر تبدیل ہو گیا ہو، میرے گھر کے کسی فرد کی آمدنی میں تبدیلی آ گئی ہو یا اگر میں کسی دوسری WIC مقامی ایجنسی کے پاس منتقل ہونا چاہوں، تو مجھے اپنی WIC مقامی ایجنسی کو لازمی مطلع کرنا ہو گا۔*
- *اگر میں سچ نہیں بتاتا یا اگر میں WIC فوائد حاصل کرنے کے لیے جان بوجھ کر معلومات کو چھپاتا ہوں، تو مجھے ایسے فوائد کی رقم ریاست کو واپس کرنی پڑ سکتی ہے جن کے لیے میں اہل نہیں تھا۔ مجھے نیویارک اسٹیٹ یا وفاقی حکام کی جانب سے عدالت میں بھی لے جایا جا سکتا ہے۔*
- *میں صرف ایک WIC پروگرام میں اندراج کروا سکتا ہوں۔ میں تصدیق کرتا ہوں کہ فی الحال کسی بھی دوسرے WIC پروگرام میں میرا اندراج موجود نہیں ہے۔*
- *WIC فوڈز کے فوائد صرف اندراج شدہ فیملی ممبر کے لیے ہیں۔ میں کسی بھی طرح انہیں فروخت نہیں کر سکتا، فروخت کی پیشکش نہیں کر سکتا یا WIC کے فوائد کسی اور کو نہیں دے سکتا۔*
- *اگر میرا فوڈ پیکج تبدیل کرنے یا مختصر وقت کے لیے بند کرنے کی ضرورت ہوئی، تو میں اپنی WIC مقامی ایجنسی کو کال کروں گا۔*
- *WIC کے عملے اور ریٹیل اسٹور کے ملازمین کے ساتھ شائستگی اور احترام کے ساتھ برتاؤ کرنا میری ذمہ داری ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر میں WIC کے عملے یا ریٹیل کے ملازمین کو دھمکیاں دوں یا جسمانی بدسلوکی میں ملوث پایا جاؤں، تو مجھے WIC پروگرام سے معطل یا نااہل قرار دیا جا سکتا ہے۔*

میں جانتا ہوں کہ WIC مقامی ایجنسی مجھے صحت کی خدمات اور غذائیت کی تعلیم فراہم کرے گی اور مجھے ان خدمات میں حصہ لینے کے لیے رغبت دلائی جائے گی۔

میں جانتا ہوں کہ WIC پروگرام میں اہلیت اور شرکت کے اصول ہر کسی کے لیے یکساں ہوتے ہیں، جو کسی بھی شخص کی نسل، رنگ، قومی اصل، عمر، معذوری یا جنس سے بالا تر ہوتے ہیں۔

جاری ←

NEW YORK STATE | Department of Health

**منصفانہ سماعت کی درخواست کرنا**

اگر فوائد کے لیے آپ کی درخواست کو مسترد کر دیا گیا ہو یا آپ کے فوائد روک دیے گئے ہوں، تو آپ کو منصفانہ سماعت کا حق حاصل ہے۔ منصفانہ سماعت میں آپ جج کو بتا سکتے ہیں کہ آپ کے خیال میں کوئی فیصلہ غلط کیوں ہے۔ اگر آپ کی درخواست مسترد کر دی گئی ہو یا جب آپ کو بتایا گیا ہو کہ آپ کے فوائد بند ہو جائیں گے، تو اس کے بعد آپ کو لازمی طور پر 60 دنوں کے اندر سماعت کے لیے کہنا ہو گا۔ اگر آپ 60 دنوں کے اندر درخواست نہیں کرتے، تو آپ منصفانہ سماعت کا اپنا موقع کھو دیں گے۔

سرٹیفیکیشن کی مدت یہ ہوتی ہے کہ آپ کتنے عرصے تک WIC فوائد حاصل کرنے جا رہے ہیں۔ اگر آپ کے فوائد کو سرٹیفیکیشن کی مدت کے وسط میں روک دیا جاتا ہے اور آپ 15 دنوں کے اندر سماعت کے لیے کہہ دیتے ہیں، تو آپ کے WIC فوائد اس وقت تک جاری رہیں گے جب تک کہ سماعت کا نتیجہ معلوم نہ ہو جائے یا سرٹیفیکیشن مدت کے اختتام تک، ان میں سے جو بھی پہلے ہو۔ WIC مقامی ایجنسی میں سماعت کا کہیں (عملہ آپ کی مدد کرے گا) یا نیویارک اسٹیٹ WIC پروگرام سے رابطہ کریں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ڈاک: | WIC Program Director<br>NYSDOH, Riverview Center<br>150 Broadway, 6th Floor<br>Albany, NY 12204 | فون:<br>فیکس:<br>ای میل: | (518) 402-7093؛<br>(518) 402-7348؛ یا<br>NYSWIC@HEALTH.NY.GOV |

**یہ تصدیقی بیان ہے جو میں نے اپنے WIC فوائد حاصل کرنے سے پہلے کمپیوٹر سسٹم میں سائن کیا تھا۔**

مجھے WIC پروگرام کے تحت اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں بتا دیا گیا ہے۔ میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے اپنی اہلیت کے تعین کے لیے جو معلومات فراہم کی ہیں، وہ میرے بہترین علم کے مطابق مکمل اور درست ہیں۔ یہ معلومات WIC فوائد حاصل کرنے کے لیے دی جا رہی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ریاست یا مقامی WIC ایجنسی کے اہلکار ان معلومات کی جانچ کر سکتے ہیں اور اگر ضرورت پیش آئے، تو وہ میری آمدنی کے حوالے سے میرے آجروں یا دیگر ذرائع سے رابطہ کر کے اور/یا نیویارک اسٹیٹ محکمہ ٹیکسیشن اینڈ فنانس سے میرے ٹیکس ریکارڈ حاصل کر کے معلومات کی پڑتال کر سکتے ہیں۔ میں خاص طور پر اس مقصد کے لیے نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ٹیکسیشن اینڈ فنانس سے اپنے ٹیکس ریکارڈز جاری کیے جانے کی اجازت دیتا ہوں، جس میں نیو یارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ٹیکسیشن اینڈ فنانس کو آجروں کی جانب سے نیو ہائر اینڈ ویج (New Hire and Wage Reporting) رپورٹنگ کی معلومات کے حوالے سے دی گئی ملازمت کی کچھ بھی معلومات شامل ہو سکتی ہیں۔ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ جان بوجھ کر غلط بیانی مجھے ریاست اور/یا وفاقی قانون کے تحت دیوانی یا فوجداری قانونی کاروائی کے تحت لا سکتی ہے۔ جان بوجھ کر غلط بیانی میں یہ معلومات شامل ہیں؛ لیکن یہ ان تک محدود نہیں، جان بوجھ کر جھوٹ بولنا، گھرانے کی آمدنی، گھرانے کے سائز، طبی ڈیٹا، Medicaid کی حیثیت اور رہائش کی جگہ کے بارے میں غلط بیانی کرنا۔ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ غلط یا گمراہ کن بیان دینے یا حقائق کو غلط طریقے سے پیش کرنے، چھپانے یا نظر انداز کرنے کے نتیجے میں میری نااہلی بھی ہو سکتی ہے اور اس کے لیے WIC فوائد کی وہ وصول شدہ رقم واپس کرنی پڑ سکتی ہے، جو میں نے غلط طریقے سے حاصل کی ہو، قطع نظر اس سے کہ میرا مطلب غلط طریقے سے فوائد حاصل کرنا تھا یا نہیں تھا۔ آخر میں، میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ میں صرف ایک WIC پروگرام میں اندراج کروا سکتا ہوں۔ میں بذریعہ ہٰذا یہ تصدیق کرتا ہوں کہ میں فی الحال کسی بھی دوسرے WIC پروگرام میں اندراج یافتہ نہیں ہوں۔ میری درخواست ہے کہ مجھے آج ہی فوائد جاری کیے جائیں۔

شہری حقوق کے وفاقی قانون اور یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف ایگریکلچر (USDA) کے شہری حقوق کے ضابطوں اور پالیسیوں کے مطابق، اس ادارے کے لیے نسل، رنگ، قومی پس منظر، جنس (بشمول صنفی شناخت اور جنسی رجحان)، معذوری یا عمر کی بنیاد پر امتیاز کرنا اور شہری حقوق کی سابقہ سرگرمی کے لیے بدلہ یا انتقام لینا ممنوع ہے۔

پروگرام کی معلومات انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں دستیاب کی جانی چاہیے۔ معذوری کے حامل افراد، جنہیں پروگرام کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے ابلاغ کے متبادل ذرائع درکار ہوتے ہیں (مثلاً بریل، بڑے حروف، آڈیو ٹیپ، امیریکن سائن لینگوئج)، کو پروگرام چلانے والی ذمہ دار ریاست یا مقامی ایجنسی یا USDA کے ٹارگٹ سنٹر سے 2600-720 (202) (آواز اور TTY) پر یا USDA سے وفاقی ریلے سروس کے ذریعے 8339-877 (800) پر رابطہ کرنا چاہیے۔

پروگرام میں امتیاز کے متعلق شکایت درج کروانے کے لیے، ایک شکایت کنندہ کو ایک فارم AD-3027، ایک USDA پروگرام ڈسکریمینیشن کمپلینٹ فارم، مکمل کرنا چاہیے، جو یہاں آن لائن: **https://www.fns.usda.gov/sites/default/files/resource-files/ad3027-urdu.pdf** پر، USDA کے کسی بھی دفتر سے یا 9992-632 (866) پر کال کر کے یا USDA کو مخاطب کر کے خط لکھ کر حاصل کیا جا سکتا ہے۔ خط میں شکایت کنندہ کا نام، پتہ اور ٹیلیفون نمبر اور معقول تفصیلات کے ساتھ مبینہ امتیازی سلوک کی تحریری وضاحت شامل ہونی چاہیے، تاکہ اسسٹنٹ سیکٹری فار سول رائٹس (ASCR) کو انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزی کی نوعیت اور تاریخ کے متعلق آگاہ کیا جا سکے۔ مکمل شدہ AD-3027 فارم یا خط USDA کو درج ذیل ذرائع سے جمع کروایا جانا چاہیے:

(1) ڈاک: U.S. Department of Agriculture
Office of the Assistant Secretary for Civil Rights
1400 Independence Avenue, SW
Washington, D.C. 20250-9410؛ یا

(2) فیکس: 1665-256 (833) یا 7442-690 (202)؛ یا

(3) ای میل: program.intake@usda.gov

یہ ادارہ مساوی مواقع فراہم کرتا ہے۔

شکایات یا ایک منصفانہ سماعت کے حصول کے لیے، رابطہ کریں:

(1) ڈاک: WIC Program Director
NYSDOH, Riverview Center
150 Broadway, 6th Floor
Albany, NY 12204؛

(2) فون: 7093-402 (518)؛ فیکس 7348-402 (518)؛ یا

(3) ای میل: NYSWIC@HEALTH.NY.GOV